سٹروک اور منتقلی کے عمل (Repatriation) کے لیے میڈیکل ری ڈائریکٹ (Redirect)

میں ریجنل سٹروک سنٹر میں کیوں ہوں؟

ٹورانٹو کے پیرامیڈکس نے آپ کا معائنہ کرنے کے بعد تعین کیا کہ آپ سٹروک کے ابتدائی مرحلے میں ہو سکتے ہیں۔

آپ کو مزید معائنے کے لیے قریبی ریجنل سٹروک سنٹر (ٹورانٹو ویسٹرن (Toronto Western)، سینٹ مائیکلز (St. Michael's) یا سنی بروک ہسپتال (Sunnybrook Hospital)) میں لایا گیا ہے۔

اسے میڈیکل ری ڈائریکٹ پراسیس کہا جاتا ہے اور اس کا مقصد یقینی بنانا ہے کہ وقت کے لحاظ سے حساس سہولیات کی حاجت میں پڑے لوگ ریجنل سٹروک سنٹر سے طبی امداد حاصل کر سکیں۔

منتقلی کا عمل

منتقلی کا مطلب ہے کہ آپ کو گھر کے قریب کسی ہسپتال کے متعلقہ شعبہ میں بھیج دیا جائے گا۔ اس پراسیس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ریجنل سٹروک سنٹرز سے علاج کی سہولیات حاصل کر سکیں۔

آپ کے گھر کا قریبی ہسپتال آپ کو متعلقہ کیئر اور خدمات کی فراہمی یقینی بنائے گا۔ یہاں آپ کا مزید معائنہ کیا جائے گا، کیئر فراہم کی جائے گی اور آپ کی بحالی پر عمل کیا جائے گا یا پھر ایسی جگہ بھیجا جائے گا جو آپ کے لیے بہترین ہو۔

اگر RSC ہی کا قریب ترین ہسپتال ہے تو آپ یہیں رہیں گے۔

Toronto Stroke Networks
• Leadership • Innovation • Collaboration

مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

www.tostroke.com

URDU

ریجنل سٹروک سنٹر کیا ہے؟

ریجنل سٹروک سنٹر (Regional Stroke Centre - RSC) انتہائی نگہداشت والا ایسا ہسپتال ہے جہاں آپ 24 گھنٹے سٹروک کے خلاف علاج کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سنٹرز سٹروک کے ہنگامی علاج میں مہارتہیں، اور ایسے آلات اور طریقہ علاج سے لیس ہیں جو شاید دیگر ہسپتالوں میں موجود نہیں۔

باقاعدہ ٹیسٹوں کے ذریعے تعین کیا جائے گا کہ آیا آپ سٹروک کی زد میں ہیں یا نہیں۔ ان ٹیسٹوں میں دماغ کا سکین اور بلڈ ورک شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر مجھے سٹروک ہوا ہے، تو؟

ریجنل سٹروک سنٹرز میں فراہم کیے جانے والے علاج معالجے

اگر آپ کسی سٹروک کی زد میں ہیں تو ہماری سٹروک ٹیم آپ کے سٹروک کی نوعیت کا جائزہ لے کر آپ کے لیے بہترین طریقہ علاج کا تعین کرے گی۔

آپشنز میں شامل ہیں:

- لوتھڑا ختم کرنے والی دوا جسے ٹشو پلازمینوجن ایکٹیویٹر (tissue plasminogen activator - tPA) کہا جاتا ہے
- دیگر ماہرانہ علاج یا مداخلتیں

اس کے بعد کیا ہو گا؟

اگر **آپ کو** RSC سے سٹروک کے حوالے سے ماہرانہ خدمات کی ضرورت **نہیں** تو آپ کو گھر کے قریبی ہسپتال میں منتقل کر دیا جائے گا جس کے شعبہ سٹروک سے آپ علاج جاری رکھ سکتے ہیں۔

اگر **آپ کو** RSC میں ہی علاج کی ضرورت **ہوئی** تو آپ RSC میں رہیں گے۔ اس کے بعد آپ کو مزید علاج جاری رکھنے کے لیے آپ کے گھر کے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا جائے گا جس میں سٹروک کا شعبہ موجود ہو۔

اسے منتقلی کہا جاتا ہے۔

اگر مجھے سٹروک نہیں ہے تو؟

اگر آپ کی کیئر ٹیم تعین کرے کہ آپ کو سٹروک نہیں ہے، تو آپ کو، ضرورت پڑنے پر، علاج جاری رکھنے کے لیے گھر کے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا جائے گا۔

اسے بھی منتقلی ہی کہا جاتا ہے۔